# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 21 November-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۱ر نومبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ اسمبلی انتخابات کا عمل مکمل؛ ریاست میں 65 فیصد سے زیادہ رائے دہی کا اندراج۔

☆ امبہ جوگائی تعلقہ میں EVM کی توڑ پھوڑ؛ انتظامیہ کی کارروائی کے بعد رائے دہی کا عمل ہموار۔ انتخابات محفوظ ہونے کا دعویٰ۔

☆ بیڑ میں آزاد امیدوار کا دِل کا دورہ پڑنے سے انتقال؛ جبکہ پرلی میں رائے دہی مرکز کے افسر کو دِل کا دورہ۔

☆ 55 ویں بھارتی بین الاقوامی فلم فیسٹیول IFFI کی کل سے گوا میں شروعات۔

اور۔۔۔☆ خواتین ایشیائی چمپئن شپ ٹورنامنٹ میں چین کو ہرا کر بھارت فاتح۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ریاستی اسمبلی کی 288 نشستوں سمیت ناندیڑ لوک سبھا ضمنی انتخاب کا عمل کچھ واقعات کے علاوہ بہتر طور پر انجام پایا۔ ریاست بھر سے انتخابی میدان میں اُترنے والے چار ہزار 136 امیدواروں کی قسمت EVM میں بند ہوگئی۔ اب آئندہ سنیچر 23 تاریخ کو ووٹوں کی گنتی ہونے تک تمام EVM سیل بند حالت میں بحفاظت رکھی جائیں گی۔

شام چھ بجے تک ریاست بھر میں 65 اعشاریہ ایک۔ ایک فیصد رائے دہی کا اندراج ہوا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں شام پانچ بجے تک 68 اعشاریہ آٹھ نو فیصد رائے دہی عمل میں آئی۔ بیڑ ضلع میں 67 اعشاریہ تین صفر، ہنگولی 71 اعشاریہ ایک صفر فیصد، جالنہ 72 اعشاریہ تین صفر فیصد، لاتور 66 اعشاریہ نو دو فیصد، ناندیڑ 64 اعشاریہ نو دو فیصد، دھاراشیو 64 اعشاریہ دو سات فیصد، جبکہ پربھنی ضلع میں رائے دہی کا فیصد 70 اعشاریہ تین آٹھ فیصد رہا۔

ناندیڑ لوک سبھا ضمنی انتخاب میں 62 اعشاریہ آٹھ نو فیصد رائے دہی کا اندراج ہوا۔

گڑھ چرولی ضلع میں 69 اعشاریہ چھ تین فیصد رائے دہی ہوئی۔ جالنہ اور پربھنی سمیت کئی مقامات کے رائے دہی مراکز پر شام ساڑھے پانچ بجے کے بعد ووٹروں کی لمبی قطاریں لگی رہیں۔ چھ بجے تک رائے دہی مرکز علاقے میں حاضر ہونے والے ووٹروں میں ٹوکن تقسیم کر کے سبھی کو ووٹ کرنے کا موقع دیا گیا۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے امبہ جوگائی تعلقہ کے گھاٹ ناندور، چوتھے واڑی، مُرمی اور جوڑ گاؤں میں بھیڑ نے پولنگ بوتھس پر لاٹھیوں اور پتھروں سے حملہ کیا۔ اس موقع پر ووٹنگ مشینوں بشمول VVPAT مشینوں کی توڑ پھوڑ کی گئی۔ مہایوتی کے امیدوار دھننجے منڈے نے اس واقعہ کی سخت مذمت کی ہے اور الیکشن کمیشن سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس واقعہ کی پوری فوٹیج چیک کر کے اور فوری کارروائی کرے۔

اس دوران بیڑ کے کلکٹر اویناش پاٹھک نے بتایا کہ اس جگہ کی ووٹنگ مشین کو تبدیل کر کے ووٹنگ کا عمل ہموار کیا گیا ہے اور سبھی کی ووٹنگ محفوظ ہے۔

***** ***** *****

پرلی ویجناتھ میں سرسوتی وِدّیالیہ کے پولنگ اسٹیشن کے سربراہ جالندر جادھو کو دِل کا دورہ پڑا۔ الیکشن محکمہ نے بتایا کہ انھیں اسپتال میں ابتدائی علاج کے بعد گھر بھیج دیا گیا۔

***** ***** *****

بیڑ اسمبلی حلقے سے آزاد امیدوار بالا صاحب نارائن شندے کا دِل کا دورہ پڑنے سے انتقال ہو گیا۔ کل دو پہر ووٹنگ کا عمل جاری ہونے کے دوران رائے دہی مرکز کے باہر شندے کو دِل کا دورہ پڑا۔ اس میں ان کا انتقال ہونے کی اطلاع ہمارے نامہ نگار نے دی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع کے کنڑ تعلقہ کے رام نگر گاؤں کے اکثر شہریوں نے بنیادی سہولیات کے فقدان کی وجہ سے الیکشن کا بائیکاٹ کرنے کی اطلاع ہے۔ دھاراشیو ضلع کے پرانڈا شہر کے رائے دہی مرکز میں EVM میں گڑ بڑی ہونے پر ووٹنگ کا عمل کچھ وقت کیلئے رُکا رہا، جبکہ EVM کی درستی کے بعد دوبارہ ووٹنگ شروع ہوئی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** *****

ہنگولی ضلع کے آکھاڑا باڑہ پور میں پولنگ اسٹیشن میں داخل ہونے والے ایک نوجوان کو پولس نے موبائل فون کے ساتھ حراست میں لیا۔ اُس نے ووٹنگ کے عمل کی فلم بندی کر کے سوشل میڈیا پر پوسٹ کی۔ اس نوجوان کا نام سنتوش شیواجی آملے ہے اور اُسکے خلاف بالا پور تھانے میں ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کی معاملہ درج کیا گیا۔

***** ***** *****

پربھنی شہر کے شاردا کالج کے انتخابی مرکز میں شیخ سلیمان اس شخص نے خود کے ووٹ دینے کا فوٹو سوشل میڈیا پر پوسٹ کیا۔ اس کے خلاف راز داری کے افشاء کا مقدمہ درج کیا گیا۔

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ مملکت رام داس آٹھولے نے ووٹنگ فیصد بڑھانے کیلئے ووٹنگ کو لازمی بنانے کے قانون کی ضرورت کا اظہار کیا۔ وہ گزشتہ روز ممبئی میں ووٹنگ کے بعد اظہارِ خیال کر رہے تھے۔ آٹھولے نے نشاندہی کی کہ شہری علاقوں کے مقابلے گڑھ چرولی جیسے دور دراز علاقوں میں ووٹنگ فیصد بڑھ رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ ہر پولنگ اسٹیشن پر 500 ووٹروں کا مرکز ہونا چاہیے تاکہ ووٹنگ کیلئے ہجوم اور لمبی قطار نہ ہو۔ ووٹ دینا قومی فریضہ ہے۔ آٹھولے نے یہ بھی کہا کہ ایسے ووٹروں کے خلاف کارروائی کی جانی چاہیے جو اپنے ووٹ کے حق کا استعمال نہیں کرتے۔

***** ***** *****

رائے دہندوں کے جوش وخروش کو بڑھانے کیلئے محکمہ انتخاب نے ریاست بھر میں مختلف مقامات پر پُرکشش پولنگ اسٹیشن بنائے تھے۔اس میں خواتین، نوجوان، معذورین اور سبز جیسے مختلف پولنگ اسٹیشن شامل تھے۔تمام ہی پولنگ سینٹروں پر بنیادی سہولیات کے ساتھ معذوروں اور بزرگ شہریوں کیلئے خصوصی سہولیات بھی فراہم کی گئیں۔

***** ***** *****

اپنی عمر کے 100 برس مکمل کرنے والے بہت سے ووٹروں کے ساتھ ساتھ معذور ووٹروں نے بھی اصل پولنگ اسٹیشن پر جا کر جوش وخروش کے ساتھ ووٹ دیا۔چھترپتی سمبھاجی نگر میں بھی میونسپل کارپوریشن کے تحت چار اسمبلی پولنگ اسٹیشن پر تمام سہولیات سے آراستہ چار مثالی پولنگ اسٹیشن بنائے گئے تھے۔

***** ***** *****

ریاست بھر کے ووٹروں میں ووٹنگ کا جوش وخروش دیکھا گیا۔امبہ جوگائی کے رہنے والے اور اس وقت یوروپ کے ناروے میں کام کرنے والے گنیش کودر کرنے پولنگ میں شرکت کیلئے ناروے سے 24 گھنٹوں کا سفر کیا۔

***** ***** *****

لاتور ضلع کے احمد پور میں رِتیش کاس ناڑے اور آدتیہ پانچاڑ جیسے نئے رائے دہندوں نے پہلی مرتبہ ووٹنگ کی اور رائے دہی مرکز پر فراہم کردہ سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع کے آکھاڑا باڑا پور میں پچانوے سالہ نابینا خاتون ششی کلا پنڈت راؤ راوت نے رائے دہی مرکز پر جا کر اپنے ووٹ کا حق استعمال کیا۔ بعدازاں معمر خاتون نے بتایا کہ 1962 سے لے کر اب تک ہر الیکشن میں انھوں نے حقِ رائے دہی کی ادائیگی کا جمہوری فرض پورا کیا ہے۔
اسی طرح کلمنوری اسمبلی حلقہ کے موضع ہیورا میں 105 سالہ بزرگ شہری وِٹھل منڈے نے بھی پولنگ اسٹیشن پر آ کر اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔جبکہ، ناندیڑ میں، 105 سالہ ششی کلا بائی پوشٹی ٹِپر یسوار نامی معمر خاتون نے بھی پولنگ اسٹیشن پر پہنچ کر اپنے افرادِ خانہ کے ہمراہ حقِ رائے دہی ادا کیا۔
جالنہ میں تیسری جنس کے رائے دہندگان نے جین اسکول کے پولنگ سینٹر پر اپنے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اطلاع ہمارے نمائندے نے دی ہے۔

***** ***** *****

55 واں بین الاقوامی بھارتی فلم فیسٹیول – IFFI کا کل گوا میں آسٹریلوی فلم ''بیٹر مین'' کی نمائش سے آغاز ہوا۔گوا کے وزیرِ اعلیٰ ڈاکٹر پرمود ساونت کے ہاتھوں حسبِ روایت ناریل کے پودے کی آبیاری کر کے میلے کا افتتاح کیا۔افتتاحی تقریب میں، بھارتی سنیما کے چار نامور فنکار راج کپور، تپن سنہا، اکّنی نینی ناگیشور راؤ اور محمد رفیع کی تصاویر پر مبنی خصوصی ٹکٹ جاری کیے گئے۔اس موقع پر، پرسار بھارتی کے ویوز نامی او ٹی ٹی پلیٹ فارم کی نقاب کشائی بھی عمل میں آئی۔اس پلیٹ فارم پر رامائن، مہابھارت، شکتی مان اور ہم لوگ، جیسے مشہور زمانہ سیریل شائقین کو دیکھنے کو ملیں گے۔''نوجوان فلم ساز ہی مستقبل ہیں''، اس سال کے فلم میلے کا تصور ہے۔

***** ***** *****

بہار کے راجگیر میں منعقدہ خواتین کے ایشیائی ہاکی چمپئن شپ ٹورنامنٹ کے فائنل مقابلے میں بھارت نے چین کو شکست دے کر خطاب اپنے نام کر لیا ہے۔گزشتہ روز کھیلے گئے فائنل مقابلے میں پہلا وقفہ ختم ہونے تک دونوں ٹیمیں ایک بھی گول کرنے میں کامیاب نہ ہو سکی، تاہم وقفہ کے بعد بھارت کی جانب سے دیپیکا نے میچ کا واحد گول کیا اور یہی گول میچ کا فیصلہ کن گول ثابت ہوا۔

***** ***** *****

شام راؤ بودھنکر میموریل ایوارڈز آج چھترپتی سمبھا جی نگر میں تقسیم کیے جائیں گے۔اس موقع پر ڈاکٹر رویندر کولہے اور ڈاکٹر سمیتا کولہے کو ''مجاہدِ آزادی شام راؤ بودھنکر یادگاری ایوارڈ'' اور ''سماجی کارکن اندرائنی مدھوکر بودھنکر یادگاری ایوارڈ'' تفویض کیے جائیں گے۔اس موقع پر سقوطِ حیدرآباد کی جدوجہد پر مبنی ڈاکٹر اُرمیلا چاکورکر کی بچوں کے ڈراموں پر تحریر کردہ ''اگنی شِکھا کاویری'' نامی کتاب کا اردو ترجمہ اور ''حیدرآباد مکتی سنگرام اتل جھنجار مہیلا'' نامی کتاب کا اجراء بھی عمل میں آئے گا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ اسمبلی انتخابات کا عمل مکمل؛ ریاست میں 65 فیصد سے زیادہ رائے دہی کا اندراج۔

☆ امبہ جوگائی تعلقہ میں EVM کی توڑ پھوڑ؛انتظامیہ کی کارروائی کے بعد رائے دہی کا عمل ہموار۔انتخابات محفوظ ہونے کا دعویٰ۔

☆ بیڑ میں آزاد امیدوار کا دِل کا دورہ پڑنے سے انتقال؛ جبکہ پرلی میں رائے دہی مرکز کے افسر کو دِل کا دورہ۔

☆ 55 ویں بھارتی بین الاقوامی فلم فیسٹیول IFFI کی کل سے گوا میں شروعات۔

اور۔۔۔☆ خواتین ایشیائی چمپئن شپ ٹورنامنٹ میں چین کو ہرا کر بھارت فاتح۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****